© rasailojaraid.com

## پاکستان: اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کیا جارہا ہے۔

کیپٹن ثناء اللہ کی چھٹی برسی کے موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن سینیٹر ملک حاکمین خان نے کہا کہ حکومت اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کا عہد کیے ہوئے ہے اور حال ہی میں اقلیتوں کو دوہرے ووٹ کا جو حق دیا گیا ہے، یہ اسی عہد کا اظہار ہے۔ [واضح رہے کہ اقلیتی ووٹروں کو دوہرے ووٹ کا حق دینے کا فیصلہ موجودہ حکومت کی وفاقی کابینہ نے کیا ہے اور اِس کے مطابق ابھی قانون سازی نہیں ہوئی۔]

کیپٹن ثناء اللہ، ضیاء الحق دور اقتدار میں قومی اسمبلی کے رکن تھے اور اُن کی برسی کا اہتمام "پاکستان یونائیٹڈ کرسچن فرنٹ" نے کیا جس کے سربراہ کیپٹن ثناء اللہ کے صاحبزادے ڈاکٹر شمشاد ثناء اللہ ہیں۔ ملک حاکمین خان نے کیپٹن ثناء اللہ کی اُن خدمات کی تعریف کی جو اُنہوں نے سیاست، سماجی خدمت اور کھیلوں کے فروغ کے لیے انجام دی تھیں۔

تقریب کی صدارت وزیر اعظم کے مشیر ڈاکٹر اسرار احمد شاہ نے کی۔ اُنہوں نے سامعین کو یقین دلایا کہ پاکستان یونائیٹڈ کرسچن فرنٹ کی جانب سے مسیحی حلقہ بندیوں کا مطالبہ وزیر اعظم کے سامنے رکھا جائے گا۔

ڈاکٹر شمشاد ثناء اللہ نے اپنی جماعت کی طرف سے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا کہ اُنہوں نے اقلیتوں کو دوہرے ووٹ کا حق دیا ہے، مگر اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ اِس فیصلے کی مخالفت کی جارہی ہے جبکہ کشمیری دوہرے ووٹ کا حق استعمال کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر شمشاد ثناء اللہ نے اسمبلیوں میں اقلیتی نشستوں کی تعداد میں اضافے کا مطالبہ بھی کیا۔

(روزنامہ "ڈان" کراچی - ۲۶ مئی ۱۹۹۶ء)

# یورپ / امریکہ

## ویٹی کن: "بے لگام سرمایہ داری" کے خلاف پوپ جان پال دوم کا انتباہ

پوپ جان پال دوم نے سلووینیا کے اپنے پہلے دورے (مئی ۱۹۹۶ء) میں رومن کیتھولک برادری سے خطاب کرتے ہوئے "بے لگام سرمایہ داری" کو کمیونزم کی سطح پر رکھتے ہوئے کہا کہ اِن میں سے



© rasailojaraid.com